Phone call between Prime Minister Shri Narendra Modi and H.E. Ibrahim Mohamed Solih, President of the Republic of Maldives

July 14, 2021

وزیر اعظم جناب نریندر مودی اورعالی مرتبت صدر جمہوریہ مالدیپ جناب ابراہیم محمد صالح کے درمیان فون پر بات چیت ہوئی

14 جولائی، 2021

نئی دہلی،14جولائی : وزیر اعظم جناب نریندر مودی اور جمہوریہ مالدیپ کے صدر جناب ابراہیم محمد صالح نے آج ٹیلیفون پر گفتگو کی۔

صدر صالح نے عالمی وبا کووڈ کے خلاف جنگ میں ہندوستان کے تعاون اورامداد پر وزیر اعظم مودی کاشکریہ ادا کیا۔

دونوں رہنماؤں نے مالدیپ میں ہندوستان کے تعاون سے چلنے والے ترقیاتی منصوبوں کی پیشرفت کا جائزہ لیا اور کووڈ وبائی امراض کی وجہ سے پیش آنے والی رکاوٹوں کے باوجود تیز رفتاری کے ساتھ جاری کاموں پر اطمینان کا اظہار کیا۔

وزیر اعظم مودی نے زور دے کر کہا کہ مالدیپ ہندوستان کی 'نیبر ہڈ فرسٹ'(ہمسایہ ممالک کو مقدم رکھنے کی) پالیسی اور اس خطے میں سب کے لئے سلامتی اور ترقی کا سب سے بڑا خواب (ایس اے جے اے آر) کا مرکزی ستون ہے۔

اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے صدر کی حیثیت سے وزیر خارجہ عبد اللہ شاہد کے صدر منتخب ہونے پروزیراعظم نے جمہوریہ مالدیپ کے معزز صدر کو مبارکباد بھی پیش کی۔

دونوں رہنماؤں کے مابین ٹیلی فون پر گفتگو نے انہیں دوطرفہ تعلقات کی مجموعی صورتحال کا جائزہ لینے اور دونوں ممالک کے مابین جاری ٹھوس تعاون کو مزید تیزرفتارترقی اور رہنمائی فراہم کرنے کا موقع دیا۔

نئی دہلی

14 جولائی، 2021

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.